جناب قائمقام سپیکر: جی۔

وزیر صحت: د سبا پورې مونږ ته د غه راکړئ، زه به دا ډیپارټمنټ ته اوس د غه کړم، هغه به راشی، تاسو سره به کښینئ چې دا کلیئر کړی درته، که د جیبه

ورکوی نو بیا خو پکار ده چې مونږه، د هغې زمونږ سره خو څه کار نشته او که د جبیبه نه ورکوی نو بالکل زه تاسو سره اتفاق کوم، بیا خو څه مسئله پاتې نه شوه کنه۔

(شور)

جناب قائمقام سپیکر: جعفر شاه صاحب! څه وکړو جی؟

جناب جعفر شاه: ودریږه منور خان څه وائی؟

جناب قائمقام سپیکر: سید جعفر شاه صاحب، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: دے وائی چې کمیټۍ ته د ریفر شی نو دوئ ته په دې باندې څه Arguments ته او بحث ته څه ضرورت دے؟ هاؤس ته د اووائی چې یره کمیټۍ ته لاړ شی او که نه، صفا خبره ده۔

جناب جعفر شاه: کمیټۍ ته ئے ولیږئ، هغوی به ئے Thrash out کړی، خبره به خلاصه شی پته به ولګی کنه۔

جناب قائمقام سپیکر: هغه کمیټۍ ته استولو فیصله خو تاسو کوئ زه خو نشم کولې، زه خو به ئے ریفر کړم، هاؤس ته به ئے Put کړم۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب قائمقام سپیکر: جی سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، داسې ده چې په دې هاؤس کښې آنریبل ممبر چې دے چې په هر ډیپارټمنټ کښې وی، که د هغوی پخپله Constituency کښې وی یا که په دې صوبه کښې وی چې یوه ایشو چې هغه Raise کیږی، د هغې په شا باندې ظاهره خبره ده چې څه نه څه وجوهات وی۔ زه خو نن خدائے شته چې د حکومت په رویه باندې ډیر زیات خفه شوم چې ما ته خو نن دا معلومه شوه چې دوئ نه غواړی چې دلته دا کوم معاملات روان دی چې هغه Smooth وی۔ پکار خو دا وه چې نن که د اپوزیشن ټول غړی په هر ډیپارټمنټ کښې یو یو ایشو راؤړی او بیا دوئ د دې نه داسې د انا مسئله جوړوی، مقابله ترینه جوړوی چې یره هاؤس ته ئے Put کړئ تاسو چې په هغې باندې ګنتی وکړو، زما خیال دا دے

چې دا Approach چې دے ، دا صحیح نه دے۔ سپیکر صاحب، په دې صوبه کښې په هر ډیپارټمنټ کښې چې معاملات دی، زمونږ هم دا کوشش دے او بیا زمونږ دا نوی ملګری چې حکومت ته راغلی دی، دا چې څومره ایشوز دی دا خو د تیر حکومت دی نو یو طرف ته خو دوئ چغې وهی چې یره په تیر حکومت کښې کرپشن وو، په تیر حکومت کښې Mismanagement وو، په تیر حکومت کښې دا وه، په تیر حکومت کښې دا وه، نن د تیر حکومت خلق د هغه حکومت نه دا غوښتنه کوی چې راپاڅئ چې دغه مسئلې چې دی، هغه دغه کمیټو ته کیږدو، په هغې باندې بحث وکړو نو زه خو بیا په دې خبره باندې نه پوهیږم چې دا حکومت د دې خبرو نه دا دومره د انا مسئله جوړوی ولې؟ زه ریکویسټ کوم، شوکت صاحب ته هم ریکویسټ کوم، شاه فرمان صاحب ته هم ریکویسټ کوم، وزیرانو صاحبانو ته هم ریکویسټ کوم چې مهربانی د وکړی چې که ستاسو په نوټس کښې یو خبره نه وی او اپوزیشن هغه خبره ستاسو په نوټس کښې راولی، پکار دا ده چې په اخلاقی توګه ئے تاسو شکریه ادا کړئ۔ که هغه غلطی په تیر حکومت کښې وی یا په اوس حکومت کښې روانه وی چې هغه غلطی شا ته کیږی او هغه د حکومت معاملات چې دی، هغه Smoothly په مخکښې باندې ځی۔ مهربانی سپیکر صاحب۔

جناب قائمقام سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔ شاہ فرمان، ہاں، جی قلندر لودھی صاحب، پلیز۔

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر برائے خوراک): جناب سپیکر! یہ سردار صاحب بڑی اچھی باتیں کرتے ہیں لیکن مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ ان کی یہ خواہش کیوں ہے کہ جو بات بھی ہم کہیں اسے گورنمنٹ من وعن تسلیم کرلے؟ دیکھیں یہاں پورا ڈیپارٹمنٹ ہوتا ہے، اس کی طرف سے جواب آتا ہے، اس جواب کی طرف سے Satisfied نہیں ہیں تو اس کیلئے یہی ہوتا ہے کہ کمیٹی کو Put up کیا جاتا ہے، ووٹنگ کرائی جاتی ہے تو اس میں انہیں ناراض نہیں ہونا چاہیئے اور پھر ایک آدمی ہے، وائس چانسلر ہے، اس کا Status ہے، اس کے مطابق اس کو ہاؤس رینٹ وغیرہ ملے گا لیکن فرض کیا اس کو Government accommodation نہیں دے سکتی، اگر وہ ایک کمرے میں رہتا ہے تو اس سے کرایہ ایک کمرے کا ہی لیا جائے گا نا، اس میں تو کوئی بات نہیں کہ اس نے یہ کردیا۔ گورنمنٹ کے وسائل ہونگے تو اس کیلئے جب

گھر بنے گا تو پھر وہ گھر میں شفٹ ہو جائے گا تو اس میں تو کوئی ایسی بات نہیں کہ اس میں ہر بات کو یہ لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہی جو ہم کہیں گے، وہی کمیٹی کو جائے۔ کمیٹی کیا ہے، کتنی بنے گی، کتنا کام کرے گی کہ ہر چیز کو ہم کمیٹی کو بھیجتے جائیں گے، اس پر کتنا Expenditure آتا ہے؟ یہ ان کی بھی گورنمنٹ ہے، ان کا بھی صوبہ ہے تو اس پر بھی یہ سوچیں اور سارے ذمہ دار لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، انہیں پتہ ہے کہ ہم کیا کیا کہہ رہے ہیں اور کیا کہنا چاہتے ہیں اور اس کا کیا ریزلٹ نکلے گا، باوجود اس کے اتنا Stress کرتے ہیں مجھے سمجھ نہیں آتی۔ میں ان سے ریکویسٹ کروں گا کہ اس چیز کو لائیں جس میں کوئی ایسی بات ہو، ہر چیز پہ Stress نہ کریں جی۔ جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی سردار بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، یہ بات نہیں کروں گا کہ آج جو کونسچنز ہیں، Concerned Minister یہاں پہ موجود نہیں ہیں ایک۔ دوسری بات جو پارلیمانی سیکرٹری یا کوئی منسٹر جواب دیدیتا ہے تو اس کی Help میں پھر دوسرا بندہ کھڑا ہو جاتا ہے، میں نے تو یہ بات نہیں کہی ہے، ہم اسی بات میں بالکل Insist نہیں کریں گے لیکن اگر اسی چیز پہ سوچا جائے تو میں یہی سمجھتا ہوں کہ ان سارے معاملات کو ٹھیک کرنے کیلئے ضروری ہے کہ وہاں پہ بیٹھ کے ٹھیک ٹھاک طریقے سے جو ممبران کمیٹی کے ہیں، جو آفیشلز ہیں، آفیسرز ہیں، وہ بھی آجائیں گے اور میرے خیال میں یہ جو ایشوز ہیں، جو مسائل ہیں، وہ ٹھیک ٹھاک طریقے سے آگے بڑھیں گے۔ اب آگے سے ایک بندہ جواب دیدیتا ہے، دوسری دفعہ دوسرا بندہ جو ہے وہ کھڑا ہو جاتا ہے، میں نے تو اس چیز کی نشاندہی نہیں کی ہے اور ہونا بھی نہیں چاہیئے، آج منسٹرز کے کونسچنز ہیں تو وہ کیوں سارے نہیں ہیں؟

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: جناب سپیکر، جو ماحول بن گیا ہے۔ مجھے نہیں یاد پڑتا کہ کہیں اپوزیشن نے کسی بات کے اوپر Stress کیا ہو کہ یہ سوال کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور وہ نہ کیا گیا ہو۔ میں بھی پہلی دفعہ دیکھ رہا ہوں، اگرچہ اس کے اندر کئی وجوہات ہیں، اگر Concerned Minister موجود

نہیں ہیں، ویسے بھی منسٹر کے ساتھ بیٹھ کے اگر ایشو کے اوپر بات کی جائے کہ منسٹر نہیں ہیں جواب موجود ہے اور اگر پہلی دفعہ حکومت نے کہا ہے کہ اس کو ہم کمیٹی کو نہیں بھیجتے تو اس کے اوپر اتنا بڑا اعتراض، مجھے بھی اس بات کی توقع نہیں تھی کیونکہ میں خود اپوزیشن کے دوستوں کی جو بھی بات ہوتی ہے، میں بالکل من و عن تسلیم کرتا ہوں اور کمیٹی کو ہم سارا سال، تو یہ پہلی دفعہ ایسا ہوا ہے۔ اب اسمبلی کے اندر گورنمنٹ جوابدہ ہے، سوال کرتی ہے اپوزیشن، سارے ممبرز سوال کرتے ہیں، منسٹرز، گورنمنٹ نے Respond کرنا ہوتا ہے لیکن اگر ہم اس ڈیٹیل میں جائیں کہ کون کیا کر رہا ہے، کس نے کیا کیا ہے؟ ہم نے تو یہ بھی دیکھا ہے کہ کمیونٹی سنٹر کے نام پر حجرے بنے ہوئے ہیں، اگر گورنمنٹ کے پیسے کی اتنی ہی فکر ہوتی، وہ ساری چیز ہماری نظر میں ہے، اس سے پہلے گورنمنٹ کے اندر جو بات تھی، ایک Simple بات ہے، میں جعفر شاہ صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ Concerned Minister آجائیں، جس جواب کے اندر غلطی ہے، اگر اس جواب کے اندر غلطی ہے اور جیب سے پیسے نہیں دیتے تو میں اس فلور کے اوپر کہتا ہوں کہ جو جعفر شاہ صاحب کہتے ہیں، میں تابعدار ہوں اور ان کی بات مانی جائے گی لیکن کم از کم حکومت کے اوپر بھی تو تھوڑا بہت Trust کریں۔ اگر ہم کہیں کہ آپ بالکل ٹھیک ہیں اور اگر ہم کہیں کہ ہم ٹھیک ہیں تو یہ آپ نہ مانیں، Concerned Minister آجائیں، اگر جعفر شاہ صاحب کی یہی Concern ہے کہ یہ غلطی ہے تو میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ منسٹر کے ساتھ بیٹھ کے یہ ان شاءاللہ بات کریں گے، وہ مطمئن کریں گے، نہ ہوا تو میں جعفر شاہ صاحب کے ساتھ کھڑا ہوں گا۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریه جی۔ دا کوئسچن نمبر 793 پینډنګ، ټهیک شوه جی؟ جعفر شاه صاحب!

جناب جعفر شاہ: پینډنګ نه جی، دا ډیر Important دے سر۔ جناب سپیکر! په دیکښې دا ده چې شل لکهه روپۍ د سوات یونیورسټۍ هغه پیښور یونیورسټۍ ته راوړې شوې دی او د هغې نه ټینډر شوے دے، نه د هغې د تعمیر طریقه کار۔۔۔۔

(شور)

جناب قائمقام سپیکر: ټول لګیا دی۔

جناب جعفر شاہ: 794 pending, now I am discussing 793۔ ٹھیک ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: جی۔

* 794 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوات یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے پشاور یونیورسٹی میں اپنی رہائش گاہ پر سوات یونیورسٹی کے بجٹ سے تزئین وآرائش کی مد میں 20لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کی ہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i) مذکورہ رقم کی منظوری کس نے دی ہے؛

(ii) مذکورہ رہائش گاہ میں مرمت کیلئے دیئے گئے ٹینڈر کی کاپی فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی(معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم) (جواب وزیر اطلاعات نے پڑھا): (الف) جی نہیں۔یونیورسٹی آف سوات کے وائس چانسلر نے یونیورسٹی آف پشاور میں اپنی رہائش گاہ پر یونیورسٹی آف سوات کے بجٹ سے تزئین وآرائش کی مد میں 20لاکھ روپے کی رقم خرچ نہیں کی ہے،البتہ یونیورسٹی آف سوات کے وائس چانسلر کے محافظین اور ڈرائیورز کیلئے کمرہ بنایا گیاہے جو کہ یونیورسٹی آف پشاوراور یونیورسٹی آف سوات کے درمیان ایک ایگریمنٹ کے تحت ہواہے جس کی مثال دوسری یونیورسٹیز میں موجود ہے اور یہ کام انتہائی کم خرچ پر کیا جاچکاہے جس کی منظوری یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ سے حاصل کی گئی تھی اور یہ کام ایمرجنسی میں ڈیپارٹمنٹل طریقہ کار کے مطابق انجام ہوا جس کی رولز میں گنجائش موجود ہے۔

(i) جواب ندارد۔

(ii) جواب ندارد۔

جناب جعفر شاہ: اس پہ میری متعلقہ منسٹر صاحب سے تفصیلی بات ہوئی ہے And he agreed that he will send it to the Standing Committee and he will conduct a full fledge detailed inquiry لیکن افسوس کے ساتھ کہ مشتاق غنی صاحب بہت Honest بندہ ہے، وہ آج نہیں ہیں اسلئے یہاں پہ یہ نخرے بنے ہوئے ہیں۔جناب والا! یہاں پہ 20لاکھ روپے انہوں نے سوات یونیورسٹی کے پیسے لا کے یہاں پہ پشاور یونیورسٹی میں لگائے ہیں اور یہاں پہ کہتے ہیں کہ According to the rules اور پھر کہتے ہیں کہ ہم نے 20لاکھ نہیں لگائے ہیں20لاکھ سے کم لگائے ہیں، 19لاکھ99ہزار999اعشاریہ 99 (قہقہے) جناب سپیکر، تو یہ سوال، میں شاہ فرمان سے

ریکویسٹ کرونگا کہ اس کو ہم نے ضرور کمیٹی کو بھجوانا ہے کہ یہ پیسے کہاں خرچ ہوئے، اس کا کونسا طریقہ کار ہے، اس کی Approval کہاں سے ہوئی؟ کیونکہ یہ میرے بچوں کے پیسے ہیں اور۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: کوئسچن نمبر 794 کی بات کر رہے ہیں؟

Mr. Jafar Shah: Yes, Sir; yes, Sir.

جناب قائمقام سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: جناب سپیکر! جو Concerned Minister کے ساتھ میری بات ہوئی ہے، اس قسم کے ایشوز کے اوپر تو گورنمنٹ کا بھی Concern ہے اور اس کے اوپر بات بھی ہو رہی ہے کہ جو پیسے یونیورسٹیز کو چلے جاتے ہیں، ان کا خرچ کرنا، میں اس کے اوپر مزید ڈیٹیل مانگونگا کہ وہ کس طرح خرچ ہوتے ہیں، کیا ان کا آڈٹ ہوتا ہے یا نہیں ہوتا؟ اس کے اندر ہم ضرور، اور جعفر شاہ صاحب کا جو یہ سوال ہے تو میں اس کے ساتھ Agree کرتا ہوں لیکن گورنمنٹ نے یہ ایشو اٹھایا ہوا ہے وائس چانسلرز کے ساتھ کہ جو پیسے ان کو دیئے جاتے ہیں، ان کا کوئی آڈٹ کا بھی ایشو ہوتا ہے، ان کے اوپر ان پیسوں پر گورنمنٹ کا اختیار بھی نہیں رہتا، تو اگر جعفر شاہ صاحب اس کی بھی Help کر کے بتا دیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ Genuine questions ہیں، اگر اس کے اوپر منسٹر کے ساتھ، میں صرف اس بات کے اوپر یہ سارے جوابات دیتے ہوئے میں یہ سوچ رہا ہوں کہ اگر مجھے کسی چیز کی فکر ہو اور میں کم از کم ایک دفعہ ضرور ڈیپارٹمنٹ یا منسٹر سے بات ضرور کروں گا کہ یہ چیز ایسی ہے اس کو Rectify کریں۔ تو اگر جعفر شاہ صاحب نے منسٹر سے بات کی ہے یا اگر اس کے لیگل پوزیشن سے وہ واقف ہیں کہ اگر یہ پیسے خرچ کئے گئے ہیں تو اس کے اوپر پراونشل گورنمنٹ کا کتنا کنٹرول ہے، یہ بتا دیں تو ہم ان کے ساتھ فیصلہ کرتے ہیں کہ کیا کرنا ہے؟

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر، شاہ فرمان صاحب هم ریکویستهونه کوی او زه هم ریکویستهونه کوم خو داسې د وکړی چې 793 او 794 باندې د ډیپارټمنټ 'کمپلیټ' انکوائری وکړی That's my request۔

جناب محب اللہ خان (پارلیمانی سیکرٹری برائے مال): جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی جناب محب اللہ خان۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے مال: زمونږ جعفر شاه صاحب چې د سوات یونیورسټۍ په باره کښې کوم کوئسچن کړے دے ، مونږ ټول ایم پی ایز د هغې حمایت کوؤ ، د هغه وی سی خلاف د د غه وشی ، (تالیاں) هغه ناسور دے د سوات د پاره ، د سوات د خلقو د پاره ، د سوات د سټوډنټانو د پاره ناسور دے او ټهیک ټهاک د دا د غه ته لاړ شی کمیټۍ ته لاړ شی۔

(تالیاں)

جناب قائمقام سپیکر: جی بھیج دیں جی، شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: جناب سپیکر! اچھی بات ہے ڈیپارٹمنٹل انکوائری ہو اور جو گورنمنٹ کے ایم پی ایز ہیں اور جو ایڈوائزرز ہیں، اگر کوئی Concerned Minister بھی ہے، محمود خان بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہ خود اس کی چھان بین کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ اپوزیشن کیلئے اطمینان کی بات ہوگی کہ اگر گورنمنٹ کے بندے ان کے ساتھ ہیں تو ڈیپارٹمنٹل انکوائری کے اوپر کوئی اعتراض ان کو نہیں کرنا چاہیئے۔

Mr. Acting Speaker: Okay ji. The Question is referred to the concerned Committee, sorry to the department,

ٹھیک ہے، ڈیپارٹمنٹ، ڈیپارٹمنٹ کو، ڈیپارٹمنٹ کو بھیج دیتے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات: ڈیپارٹمنٹل انکوائری۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

790 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مالی سال 2008 سے 2013 تک ضلع بونیر کے تمام گورنمنٹ پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں (مردانہ اور زنانہ) کو حکومت نے فرنیچر، چاک، بلیک بورڈز، ٹاٹ اور کمپیوٹرز خریدنے کیلئے رقم فراہم کی تھی جس کی خریداری ٹینڈرز کے ذریعے کی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ اشیاء کی خریداری کیلئے دی گئی رقم کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے، نیز ہر ٹینڈر کیلئے اخباری اشتہار کی نقول بھی فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) 08-2007 سے Upgraded سکولوں اور اضافی کمرہ جات کیلئے فرنیچر کی مد میں محکمہ تعلیم نے -/11192002 روپے ضلع بونیر کو ریلیز کئے تھے جو SIDB تیمر گرہ (پاک جرمن) کو منتقل کئے گئے تھے۔ان کی طرف سے سکولوں کو فرنیچر کی تقریباً 80% سپلائی ہو چکی ہے۔ 08-2007 سے 2013 تک جیوٹ ٹاٹس کی مد میں محکمہ تعلیم نے مبلغ -/15291529 روپے ضلع بونیر کو ریلیز کئے تھے۔ سپلائی مکمل ہو چکی ہے۔(تمام کاغذات کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

791 _ <u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حلقہ PK-79 بونیر میں کئی گورنمنٹ ہائر سیکنڈری، ہائی، مڈل اور پرائمری سکولز (برائے بوائز اینڈ گرلز) زیر تعمیر ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکولوں کی تعداد، ان کیلئے منظور شدہ فنڈز اور ٹینڈر کیلئے اخباری اشتہار کی فوٹو کاپیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز جن سکولوں کی تعمیراتی کام بند ہیں، ان کی وجوہات بتائی جائیں؟

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) حلقہ PK-79 میں ہائر سیکنڈری، ہائی، مڈل اور پرائمری سکولز میں سے نو تعمیر ہو چکے ہیں جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی، جس کے فنڈز اور اشتہارات محکمہ تعمیرات کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں ایسا سکول نہیں ہے جس پر تعمیراتی کام بند ہو۔اخباری اشتہارات کی فوٹو کاپیاں ملاحظہ کی گئیں۔

872 _ <u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت نے صوبہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی تعلیمی پالیسی کا اعلان کیا ہے؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پالیسی کے تحت بچوں کی تعداد کے حساب سے پرائمری سکولز کی عمارت کو دو کی بجائے تین کمروں کے کرنے اور بچوں کو ٹاٹ کی بجائے فرنیچر فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔
(ب) پرائمری سکولز کو دو کی بجائے تین کمروں کی تعمیر کا معاملہ اعلیٰ سطح پر زیر غور ہے اور جلد ہی اس سلسلے میں Planning criteria کو از سر نو مرتب کر کے نافذ العمل بنا دیا جائے گا۔ خیبر پختونخوا میں نئی حکومت کے قیام کے ساتھ ہی وزیر اعلیٰ صاحب کے احکامات کے تحت صوبے کے تمام اضلاع سے سکولوں کیلئے درکار فرنیچر کے بارے میں معلومات اکٹھی کی گئی ہیں اور اس تناظر میں وزیر اعلیٰ صاحب کو سکولوں کو فرنیچر کی فراہمی کے حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر مرحلہ وار فرنیچر کی فراہمی کیلئے سفارشات پیش کی گئی ہیں۔

873 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) ضلع ایبٹ آباد میں پرائمری، مڈل، ہائی سکولوں کی نئی بلڈنگز تیار ہیں؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حلقہ PK-47 و 48 میں جن جن سکولوں کی نئی بلڈنگز تیار پڑی ہیں اور ان کی آسامیوں کی منظوری نہیں ہوئی ہیں، اگر منظوری ہوئی ہیں تو حکومت کب تک ان آسامیوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔
(ب) حلقہ PK-47 و 48 میں جن جن سکولوں کی نئی بلڈنگز تیاری پڑی ہیں اور محکمہ تعلیم کو ہینڈ اوور ہو چکی ہیں یا زیر تعمیر ہیں اور ان میں آسامیاں منظور ہوئی ہیں، ان کی تفصیل درج ذیل ہیں:

تعداد سکول جو زیر تعمیر ہیں	تعداد سکول جو محکمہ کے حوالے ہوئے	تعداد سکول برائے منظوری نئی آسامیاں	حلقہ
مردانہ 3	02	07	PK-47
زنانہ 3	---	---	PK-47

مردانہ 5	02	04	PK-48
زنانہ 1	---	---	PK-48

مردانہ وزنانہ سکولوں کی مکمل تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی، نیز وہ سکولز جن میں آسامیاں منظور ہو چکی ہیں اور انہیں ترجیحی بنیادوں پر چلادیا جاتا ہے، علاقہ میں کوئی ایسا سکول نہیں ہے جو کہ فنکشنل نہ ہو۔

876 _ جناب سردار حسین: کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ایس ایس ٹی اور ایس ایس کی آسامیاں خالی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں ایس ایس ٹی اور ایس ایس کی کل کتنی آسامیاں خالی ہیں اور حکومت ان کو کب تک پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) صوبے میں ایس ایس ٹی کی کل 4340 اور ایس ایس کی کل 748 آسامیاں خالی ہیں۔ ان ایس ایس ٹی آسامیوں کو دو حصوں میں پر کیا جائے گا۔ محکمانہ طور پر پروموشن کیلئے رولز ابھی تک انڈر پراسیس ہیں، جونہی یہ رولز اور ریکروٹمنٹ پالیسی کا نوٹیفیکیشن ہو جائے تو ان شاءاللہ ان آسامیوں کو پر کیا جائے گا جبکہ ایس ایس کیلئے پبلک سروس کمیشن نے اشتہار دیا ہے، جونہی پبلک سروس کمیشن سے Recommendation آئے گی، ان کی تقرری کی جائے گی۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی محترمہ معراج ہمایون صاحبہ۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر صاحب، یہ بہت افسوس کی بات ہے کہ ایک طرف تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ ایجوکیشن ایمرجنسی لگائی گئی ہے اور دوسری۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

جناب قائمقام سپیکر: معراج ہمایون صاحبہ۔ ایک دو منٹ کے بعد ان شاءاللہ پھر وقفہ نماز کیلئے کرتے ہیں، آپ بات کرلیں، بات کرلیں۔ معراج ہمایون صاحبہ۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جی صوبے میں ایجوکیشن ایمرجنسی لگائی گئی ہے اور یہ ایجنڈا ہمیں ملا تھا دو دن پہلے اور اس میں سارے سوالات جو ہیں، وہ ایجوکیشن سے Related ہیں، ایلیمنٹری اور ہائر ایجوکیشن سے، تو مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی کہ آج حکومت کے وزراء اگر، پہلے تو سارے وزراء کیوں چلے گئے ہیں، اس کی Reason کیا ہے کہ آج Absent ہیں؟ یہاں سے اپنے کوئسچنز کیلئے وہ تھے کیوں نہیں؟ اور اگر وہ نہیں ہیں جی یہاں پہ، وہ UK trip پہ چلے گئے ہیں تو ان کی جگہ کوئی Prepared ہو کر کیوں نہیں آیا؟ ہمارا ٹائم کیوں Waste کیا گیا ہے، اتنا Precious time؟ ملک میں جو حالات ہیں، ایجوکیشن کے جو حالات ہیں، سارے Institutions breakdown ہیں، ٹیچرز، اساتذہ ناخوش ہیں، پڑھائی نہیں ہو رہی، امتحان سر پر آگئے ہیں اور یہاں پر منسٹرز صاحبان سارے غائب ہیں اور پارلیمنٹری سیکرٹریز جن کی ایک فوج تھی، وہ بھی جوابات نہیں دے سکتے تو برائے مہربانی حکومت کو اس کے بارے میں کچھ کرنا چاہیئے۔ شکریہ بہت بہت۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ نماز کا وقفہ کر لیتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب قائمقام سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب قائمقام سپیکر: جی میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میرا خیال ہے ساڑھے چار بجے میں نے یہ بات کی ہوئی ہے سر کہ اگر یہ صوبہ رہے گا، اس صوبے میں امن وامان ہو گا، اس صوبے میں ہماری جان جو ہے، جو ہم لوگ روزانہ یہ خون کی لاشیں اٹھا رہے ہیں، اگر یہ ختم ہو نگی تو ہمارے یہ سوالات، ہمارے یہ توجہ دلاؤ نوٹسز، ہمارا یہ سارا کچھ بزنس پہ آتا رہے گا۔ سر، میں درخواست کرتی ہوں ادھر سے بھی اور ادھر سے بھی کہ خدا کیلئے اس صوبے کے لوگوں پہ، کیونکہ پالیسی بن رہی ہے مرکز میں جناب سپیکر صاحب! اور یہاں پر ہم لوگ اس پر بحث ہی نہیں کر پا رہے ہیں کہ ہم نے اس صوبے میں کرنا کیا ہے جناب سپیکر صاحب؟ وہ ظالم درندے جناب سپیکر صاحب، ہر گلی محلے میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، دیکھیں آپ کے ایک ممبر فضل الٰہی صاحب، ان کے گھر کے باہر بم رکھا ہوا تھا، اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا جناب سپیکر صاحب، یہ نہ

کہیں کہ ادھر کے ہیں یا ادھر کے ہیں، انہوں نے مارنا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، خدا کیلئے میں یہاں سے ریکویسٹ کر کر کے تھک گئی ہوں کہ لاء اینڈ آرڈر اور اس پالیسی پر آپ آجائیں اور رولز کو Suspend کریں اور Suspension کے بعد جناب سپیکر صاحب، پلیز اس پر بحث کریں اور کل کے دن بھی اس پر بحث رکھیں، کل کا ایجنڈا ہی تقسیم نہ کریں تاکہ نہ تو کوئسچنز آئیں اور نہ ہی ایسی بات ہو، شروع سے ہی ہم لوگ لاء اینڈ آرڈر پر بات کر لیں جناب سپیکر صاحب۔ سر، یہ بہت زیادہ ضروری ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: میڈم! آپ کو میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ آپ موشن موو کریں، میں Put کرتا ہوں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: میں موشن موو کرتی ہوں جناب سپیکر صاحب۔

معمول کی کارروائی کا معطل کیا جانا

Ms. Nighat Orakzai: Mr. Speaker, I beg to move that the present agenda may be suspended and the rules may be relaxed and House may be allowed to discuss the important issue regarding Law and Order. سر! اس پر آپ کہیں تو میں دو چار لفظ بول دوں اور پھر اس کے بعد اس ہاؤس کو، اگر آپ پہلے پوچھ لیں تو-----

Mr. Acting Speaker: Is it the desire of the House that the motion, moved by honorable Nighat Orakzai Sahiba, may be allowed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker The ‘Ayes’ have it. The proceedings of agenda is suspended-----

(Interruption)

جناب قائمقام سپیکر: ایک منٹ جی، ایک منٹ۔

جناب محمد علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی محمد علی، پلیز۔ محمد علی صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زه ستاسو توجه یو اهم خبرې ته راګرځوم۔ زما حلقه PK-92 دیر اپر، پرون او هغه بله ورځ به جناب

سپیکر صاحب! تاسو اخبار اتو کښې کتلې وی، تقریباً په یوولس دولس اخبار اتو کښې زما د صوبائی حلقه PK-92 د یونین کونسل ګوالزئی چې په هغې کښې ډیر لوئې کلے دے "سندرئی" د هغې خلقو روډونه بلاک کړی وو او یو احتجاجی مظاهره ئے کړې وه او د هغوی کوریج ټوله صوبه کښې ټی وی او ټولو اخبار اتو راغستے وو، د هغوی دا مطالبه جناب سپیکر صاحب! چې زما په حلقه کښې په تیر شوی حکومت کښې د چیف منسټر ډائریکټیو، سی ایم ډی او تعمیر خیبر پختونخوا پروګرام۔۔۔۔

<u>جناب شاہ حسین خان:</u> دا رولز خو د لاء اینډ آرډر د پاره Suspend شوی دی او دوئ په ایجنډا۔۔۔۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> شاه حسین خان صاحب! خیر دے دوئ د خبره وکړی بیا خو هسې هم Already، د دوئ خو د دې سره څه Related، د ایجنډې سره Related خبره نشته۔

<u>پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ:</u> شاه حسین صاحب! زما هم د دې سره Related ده، د نورې ایجنډې مطابق نه ده شاه حسین صاحب۔

<u>جناب شاہ حسین خان:</u> ټهیک شوه، ټهیک شوه۔

<u>پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ:</u> جناب سپیکر صاحب! ځنګه چې تاسو هم د امن و امان او د لاء اینډ آرډر خبره وکړه، زه هم په دغه باندې خبره کوم جی۔ زما حلقه کښې د سابقه چیف منسټر ډائریکټیوز وو، د تعمیر پختونخوا پروګرام او د ډسټرکټ اے ډی پی تحت تقریباً 21 کروړ روپۍ زما په حلقه کښې خرچ شوې وے، په دیکښې دغه یونین کونسل ګوالزئی کښې دا مصیبت شوے دے چې په دې 21 کروړ کښې 21 لاکه روپۍ نه دی لګیدلی۔ دغه خلقو په دې باندې احتجاج کړے دے چې موجوده حکومت د کرپشن خلاف چې دے نو یو Stand اخستے دے لهذا د دې خلقو دا پیسې چې خوړلې شوې دی، د دې خلاف تاسو ایکشن واخلئ Otherwise، مونږه ډیر په منتونو باندې هغه حالات کنټرول کړی وو او هغوی کورونو ته تلی وو۔ ننۍ ورځ ئے ما سره ایښودې وه که تا زمونږ په حق کښې خبره ونکړله نو بیا به مونږ رااوځو دې روډونو ته او احتجاجونه به کوؤ، نو لهذا

سپیکر صاحب! زما تاسو ته دا درخواست دے چې فوری طور د په دیکښې د انکوائرئ حکم تاسو وکړئ چې په دیکښې څوک څوک Involve دی، په دې PK-92 زما صوبائی حلقه په یونین کونسل گوالزئی سندرئی کښې که په هغې کښې زید بکر، زما د جماعت اسلامی سړے دے یا د بلې پارټئ Anyone هر څوک چې وی نو فوری طور د په دې انکوائری وشی او هغه رپورټ د صوبائی اسمبلئ کښې پیش کړے شی جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! ہم نے لاءاینڈ آرڈر کیلئےRule suspend کرنے کیلئے درخواست کی تھی اور وہSuspendہو گئے ہیں تو اس پر بات شروع کرلیں اور کل تک اس کو جاری رکھیں گے،لاء اینڈ آرڈر پہ ہماری بات ہونی ہے سپیکر صاحب۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب قائمقام سپیکر: جی سردار بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: چونکه د تیر حکومت په حواله باندې خبره وشوله او زما یقین دا دے چې ډیر، وزیر اعلیٰ صاحب دلته کښې راغلے وو، محمد علی خان صاحب چونکه د هغې حلقې ایم پی اے دے، اول خو پکار دا وه چې که وزیر اعلیٰ صاحب له ئے درخواست ورکړے وے او پراونشل انسپکشن ټیم چې کوم دے پکار دا ده چې د وزیر اعلیٰ صاحب نه هغوی مطالبه کړې وے او هغوی پرې ډائریکټیوز اخستی وے او پراونشل انسپکشن ټیم تلے وے خو بیا هم ډیره ښه خبره ئے وکړله او پکار هم ده که'نیب' ورته ځی، که انټی کرپشن ورته، که پراونشل انسپکشن ټیم ورته ځی او که د هغې د پاره جدا انکوائری کمیټی چې ده هغه Constitute کیږی نو زما یقین دے چې دا به ډیره زیاته بهتره او ډیره زیاته غوره خبره وی۔

جناب عنایت اللہ(وزیر بلدیات): سر!

جناب قائمقام سپیکر: جی مسٹر عنایت اللہ۔

وزیر بلدیات: سر، محترم ممبر صاحب چې کومه خبره وچته کړې ده او د سی ایم ډائریکټیوز عموماً لوکل گورنمنټ Implement کوی نو زه ورته ایشورنس

ورکوم چې دوئ هم کومه انکوائرئ باندې مطمئن کیږی نو زه او دوئ به کښینو نو دوئ د ما ته ډیټیلز راکړی نو ان شاء الله هغه شان انکوائری به پرې وکړو۔

جناب قائمقام سپیکر: تھیک شوه جی، محمدعلی صاحب!

جناب محمد علی: تھیک شوه۔

اراکین کی رخصت

جناب قائمقام سپیکر: معززاراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں: جناب سرداراورنگزیب صاحب نلوٹھا20-01-2014؛جناب فریڈرک عظیم صاحب20-01-2014؛جناب وجیہہ الزمان صاحب،ایم پی اے20-01-2014؛محترمہ فوزیہ بی بی20-01-2014تا25-01-2014؛جناب سردار ظہوراحمد، ایم پی اے20-01-2014؛جناب میاں ضیاءالرحمان صاحب،ایم پی اے20-01-2014؛جناب صالح محمد خان صاحب،ایم پی اے20-01-2014؛جناب محمد رشاد خان صاحب،ایم پی اے20-01-2014؛ جناب ملک بہرام خان،ایم پی اے20-01-2014و21-01-2014۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The leave is granted.

جناب جعفرشاه: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی سید جعفرشاہ صاحب،پلیز۔

جناب جعفرشاه: تھینک یو سر۔ داسې ده جی چې لاء اینډ آرډر یقیناً ډیر Important issue ده او We should discuss now which is moved خو ما وئیل چې دا کوم زمونږ ډیر Important Questions دی، دا چې سبا نه بله ورځ ایجنډا کښې بیا تاسو راولئ نو ډیره به ښه وی۔

جناب مظفرسید: دا جعفرشاه صاحب To the point خبره وکړله، دا جی چې کوم کوئسچنز دی۔

جناب قائمقام سپیکر: 'کوئسچنز آور' خو ختم شو کنه جی۔

جناب جعفرشاه: نه بله ورځ ایجنډا کښې چې دا کوئسچنې چې بیا راولئ۔

جناب قائمقام سپیکر: ځه کوشش کوؤ، سیکرټری صاحب سره خبره کوؤ ان شاء اللّٰه۔

جناب جعفر شاہ: تاسو رولنگ ورکړئ جي نو بنه به وی۔

جناب قائمقام سپیکر: تھیک شوه جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو سر۔

جناب قائمقام سپیکر: دا لاء اینډ آرډر باندې بحث شروع کوؤ جی

(شور)

جناب قائمقام سپیکر: اب آپ پانچ لوگ کھڑے ہیں، میں کیا کروں، سمجھ نہیں آرہی کہ میں کس کو ٹائم دوں اور کس کو کہہ دوں کہ آپ بیٹھ جائیں؟ ایک ایک بندہ آ کے بولے تو پھر ٹھیک ہے۔ جناب سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ سر، میں ایک اہم ایشو کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ سر ضلع چترال کی کوئی چھ لاکھ آبادی لواری ٹاپ کا روڈ بند ہونے کی وجہ سے مکمل محصور ہو چکی ہے اور پچھلے دنوں یہاں پر توجہ دلاؤ نوٹس بھی میں نے پیش کیا تھا اور منسٹر صاحب نے مجھے Assure بھی کرایا تھا، اس کے باوجود بھی ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوا ہے، لوگ سڑکوں پر نکل آئے ہیں، احتجاجی مظاہرے بھی ہو رہے ہیں مگر کوئی سننے والا نہیں ہے۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ Rule 240 کے تحت 124 کو Suspend کرتے ہوئے مجھے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے تو آپ کی مہربانی ہو گی۔

مفتی سید جانان: رولز خو جی Already suspend شوی دی۔

جناب قائمقام سپیکر: سلیم خان صاحب! فل ایجنڈا لاء اینڈ آرڈر کیلئے Suspend ہو چکا ہے اسی لئے میری ریکویسٹ ہے کہ لاء اینڈ آرڈر کے علاوہ کوئی مزید جو ہے اس وقت، اس ٹائم پر میں Allow نہیں کر سکتا، 'سوری' جی۔ لاء اینڈ آرڈر پہ بات ہو گی نا، آج، Already rules suspend ہو چکے ہیں، ایک فیصلہ آ گیا ہے نا۔ جی میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

امن وامان پر بحث

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہاں پر یہ بات ضرور ڈسکس کرنا چاہونگی کہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے لیکن جس صوبے میں ہم رہ رہے ہیں خیبر پختونخوا، میں سمجھ لوں کہ یہاں پر ہم اب لاشیں اٹھا اٹھا کر تھک گئے ہیں، ہماری یہ دھرتی جو ہے اور دھرتی کی جو مٹی ہے، وہ خون سے بالکل سرخ ہو چکی ہے۔ کل کے بنوں کے واقعے کو آپ دیکھ لیں، اس کے علاوہ آپ پنڈی کے واقعے کو دیکھ لیں اور پے درپے جناب! جس طریقے سے ابھی مجھے ایک میسج آیا ہے کہ یہاں پر امن لشکر پر باڑہ میں جو ہے، خیبر ایجنسی میں کوئی حملہ ہوا اور اس میں دو لوگ شہید ہوئے اور کچھ لوگ زخمی ہوئے ہیں، اسی طرح نادرا کے بہت سے آفسز کو Threat ہے۔ سر، ہم سب لوگوں کی زندگیوں کو Threat ہے، ہمارے معصوم لوگوں کی زندگیوں کو Threats ہیں اور جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی وساطت سے بڑے کھلے الفاظ میں یہ بات ضرور کرنا چاہونگی کہ جو لوگ ہمارے اس ملک کے دشمن ہیں جن کو دہشت گردوں کے نام سے، کرایہ کے قاتلوں کے نام سے، سفاک لوگوں کے نام سے اور درندوں و جانوروں کے نام سے میں پکارتی ہوں، جناب سپیکر صاحب! اب ان کی طرف سے مختلف علاقوں میں، یہ میں ڈرانے کیلئے بات نہیں کر رہی ہوں لیکن بات یہ ہے کہ مختلف علاقوں میں انہوں نے گھر لے لئے ہیں اور جناب سپیکر صاحب، کل جو ہے چوہدری نثار صاحب نے یہ بات کی ہے کہ ابھی ہم ایک Strategy بنا رہے ہیں تاکہ مذاکرات ہوں یا آپریشن ہو۔ تو جناب سپیکر صاحب، یہاں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کی وساطت سے میں یہ بات ضرور ان تک پہنچانا چاہونگی کہ یہاں صوبے کے لوگ چاہے وہ ادھر کے لوگ ہیں، چاہے وہ ادھر کے لوگ ہیں، چونکہ ہم سب لوگ ایک ہی دھرتی سے تعلق رکھتے ہیں، ایک ہی ملک سے ہمارا تعلق ہے تو جناب سپیکر صاحب، ہمارے تمام لوگوں کے Consensus سے، ہم لوگوں کو Onboard رکھ کر اور پھر اس کے بعد جو بھی Strategy بنائیں، اگر وہ مذاکرات کی حد تک، لیکن میرا خیال جو ہے، یہ میں سمجھتی ہوں کہ یہ میرا پرسنل خیال ہے جناب سپیکر صاحب، باقی کام حکومتوں کے ہوتے ہیں کہ وہ کونسی سمت جاتی ہیں اور کونسی سمت نہیں جاتی ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، ایک طرف تو ٹی ٹی پی کے لوگ ہمارے تقریباً 70، 80 ہزار لوگوں کو شہید کر چکے ہیں جن میں فورسز بھی شامل ہیں، جن میں جناب سپیکر صاحب، Innocent لوگ بھی شامل ہیں، جن میں ہمارے یہاں اسمبلی کے ممبران بھی شامل

ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ کہتی ہوں کہ وہ لوگ جو ٹی ٹی پی کی طرف سے اعلانات، ابھی انہوں نے جو ایک اعلان کیا ہے کہ اگر گورنمنٹ Sincere ہے، گورنمنٹ کے پاس کوئی اتھارٹی ہے، گورنمنٹ اگر سنجیدہ ہے تو وہ با مقصد مذاکرات کرنے کیلئے تیار ہیں اور جناب سپیکر صاحب، ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ Although 70 ہزار لوگوں کو ماردینا، ہمارے آئین کی خلاف ورزی کرنا، ہمارے لوگوں کو شہید کرنا اور بغیر کسی وجہ، اور پھر چھ چھ دن کے بعد کوئی تنظیمیں اس کو Own کرتی ہیں تو جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ مذاکرات کی طرف اگر وہ بڑھنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے جناب سپیکر صاحب، ہماری اس گورنمنٹ کو اور ہمارے اپوزیشن کے لوگوں کو Onboard لیا جائے جناب سپیکر صاحب! لیکن ہمارا یہاں سے ایک مطالبہ ضرور جانا چاہیئے ٹی ٹی پی کے لوگوں کو کہ اگر مذاکرات کرنے ہیں تو مذاکرات کیلئے ان کو اپنے یہ حملے روکوانا ہونگے۔ جناب سپیکر صاحب، ایک طرف جنگ اور ایک طرف مذاکرات، یہ دونوں نہیں ہو سکتے کیونکہ ہم ان کے خلاف نہیں لڑ رہے ہیں، وہ آ کے ہمارے لوگوں کو، معصوم لوگوں کو نشانہ بنا رہے ہیں جناب سپیکر صاحب! تو میں سمجھتی ہوں کہ اگر وہ ہمارے لوگوں پر یہ جو حملے ہیں، ہمارے معصوم لوگوں کو جو وہ قتل کر رہے ہیں، شہید کر رہے ہیں تو ان کو بھی یہاں سے ایک میسج جانا چاہیئے کہ ان لوگوں کو بھی اپنے جو یہ حملے ہیں، وہ بند کرنا ہونگے، اگر وہ مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہیں۔ اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت مذاکرات کیلئے سنجیدہ نہیں ہے تو سنجیدہ مجھے وہ نظر نہیں آتے ہیں کیونکہ ایک طرف مذاکرات کی بات اور ایک طرف گولی کی بات، تو یہ بھی سنجیدگی نہیں ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ باقی باتیں وزراء بھی کرینگے، یہاں پہ اپوزیشن کے لوگ بھی کرینگے لیکن یہاں سے ایک میسج اور یہاں ایک قرارداد پاس ہونی چاہیئے اور یہ فیڈرل گورنمنٹ تک جانی چاہیئے کہ ان کی جو بھی Strategy بنتی ہے ان دہشت گردوں کے خلاف، تو میرا خیال ہے کہ اس میں تمام لوگوں کو اور ہمارے جو قائد ایوان ہیں، اپوزیشن لیڈر ہیں، ہمارے جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، At least ان کو Onboard لیا جائے تاکہ ان کے جو خیالات ہیں، ان کی جو تجاویز ہیں، ان کو بھی سامنے رکھیں کیونکہ ہم اپنے صوبے کے، ہمارے جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، ہمارے جو لوگ ہیں، وہ اپنے صوبے کے حالات، معروضی جوان کے حالات ہیں، ان کو بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں بجائے مرکز کے، تو میرا خیال ہے کہ اگر یہاں کے لوگوں کو بھی Onboard لیا جائے تو جناب سپیکر صاحب، یہ ایک

اچھی کاوش ہو گی اور اس کا جواب جتنا جلدی دیا جاسکے، وہ فیڈرل گورنمنٹ جو ہے تو اس صوبائی حکومت کو Onboard رکھ کے اور ان کو میسج دیا جائے کہ آپ بھی حملے بند کریں، تو ہم Onboard ہو کے آپ کے ساتھ مذاکرات کرتے ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، اگر اس کے باوجود وہ پھر مذاکرات کی بات کو نہیں مانتے تو میرا خیال ہے جناب سپیکر صاحب، پھر اس کا آخری آپشن جو ہے، وہ آپریشن ہو گا جس کی میں کھلی طور حمایت کرتی ہوں۔ تو پہلے مذاکرات اور پھر اس کے بعد آپریشن، اس میں باقی لوگ بھی اپنی رائے دینگے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ میری آپ سے درخواست ہے کیونکہ اس صوبے میں نہ تو کوئی یعنی Investors آرہے ہیں، نہ یہاں پہ جناب سپیکر صاحب! روزگار، کیونکہ انہی لوگوں کے نام پہ اب بھتہ خوری بھی شروع ہو گئی ہے، انہی لوگوں کے نام پہ اغوا (کیسز) بھی شروع ہو گئے ہیں، انہی لوگوں کی وجہ سے لوگوں کا روزگار چھینا جارہا ہے، انہی لوگوں کے ناموں کے پیڈوں سے جو ہے تو وہ لوگوں کو جاتے ہیں کہ بھئی! ایک کروڑ روپیہ دو اور پھر مک مکا 20 لاکھ میں، 25 لاکھ میں ہو جاتا ہے، یہ انہی لوگوں کے ہاتھ سے لکھے ہوئے، ان سے بچوں کو اٹھایا جاتا ہے، پھر اغوا برائے تاوان دیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں سے بہت سے لوگ ہجرت کر کے چلے گئے ہیں، اس میں اس گورنمنٹ کو اور اپوزیشن کے جتنے بھی پارلیمانی پارٹیز کے پارلیمانی لیڈرز ہیں، اپوزیشن کے جتنے لوگ ہیں، وہاں پہ جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو اب سنجیدگی سے جناب سپیکر صاحب! اس کو انا کا مسئلہ نہیں بنانا چاہیئے، اس کو کسی اور طرف نہیں لے جانا چاہیئے، پوائنٹ سکورنگ نہیں کرنی چاہیئے جناب سپیکر صاحب! کیونکہ یہ ہمارے دو کروڑ 40 لاکھ لوگوں کا سوال ہے اور جناب سپیکر صاحب، اس پہ سنجیدگی سے کوئی بات یہاں سے جائے تاکہ فیڈرل گورنمنٹ بھی ہمیں سنجیدگی سے لے اور ہم لوگوں کی بات کو وہ Own کرے اور ہمیں Own کرے، ہمارے مسائل کو Own کرے، ہمارے لوگوں کو Own کرے اور اس پہ ہم سے جو بھی تجاویز ہیں، وہ ہم دینے کیلئے تیار ہیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> جی مسٹر عنایت اللہ خان۔ جناب عبدالستار خان صاحب۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> تھینک یو سر۔ اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ وَالتِّینِ وَالزَّیْتُونِ○ وَطُورِ سِینِینَ○ وَھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِینِ○ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیمٍ۔

جناب سپیکر، آپ کا مشکور ہوں کہ میں پہلی بار اس اسمبلی میں امن وامان پہ، لاء اینڈ آرڈر سیچویشن پہ پوری اسمبلی سے مخاطب ہوں۔ جناب سپیکر، ہمارے ساتھیوں نے کل پرسوں اس پر بحث کی ہے اسمبلی میں، آج ہم تھوڑا چاہ رہے تھے کہ ایک تو ہمارا میڈیا کارنر خالی ہے تو ان سے ہم نے بات کی تھی کہ جب وہ بھی ہوں اور لیڈر آف دی ہاؤس بھی ہوں، منسٹرز صاحبان بھی ہوں تو پھر ہم اس Sensitive topic پہ بات کرتے لیکن ہماری بہن نے پہلے رولز کو Suspend کرنے کی استدعا کی اور آپ نے موقع دیا، بہر حال پھر بھی جناب سپیکر! اس پہ بہت بات ہو رہی ہے، میں اسمبلی کا رکن ہوں، اس اسمبلی میں بیٹھا ہوں، میں نے گورنمنٹ کی طرف سے ان پانچ مہینوں میں، خصوصاً امن وامان کے لحاظ سے جو بات ہوتی ہے، میڈیا میں ٹی وی کارنر پہ جو بات ہو رہی ہے، سچے پاکستانی کی حیثیت سے، اس صوبے کے ایک فرد ہونے کی حیثیت سے میں ذاتی طور پر یہ سوچتا ہوں، میرا ایمان بھی یہ کہتا ہے کہ آج تک میں نے جتنے لوگوں کو سنا ہے، اس اسمبلی کے اندر بھی، اسمبلی سے باہر بھی، سوائے اس بات کے مجھے کوئی اور چیز نظر نہیں آئی کہ اس نازک اور اس Important issue کو لوگ سیاسی مقاصد کیلئے، پولیٹکل سکورنگ کیلئے استعمال کرتے ہیں، ہمارا Main problem بھی یہی ہے۔ جناب سپیکر، امن جان کا ہو، مال کا ہو، زمین کا ہو، یہ ہم سب کا حق ہے اور گورنمنٹ ذمہ دار ہے، گورنمنٹ کی Responsibility ہے کہ اس ملک میں رہنے والے، اس صوبے میں رہنے والے تمام لوگوں کی جان اور مال کا امان، ان کی حفاظت گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے لیکن جو حالات ہم نے اپنے ملک میں، اپنے صوبے میں جو بغاوت اور Insurgency ہم نے گزشتہ ادوار میں بھی دیکھی ہے اور آج بھی ہم دیکھ رہے ہیں اور محسوس کر رہے ہیں، کیا ایسے مسئلے میں میں ایک فرد ہونے کی حیثیت سے، ایک ممبر اسمبلی ہونے کی حیثیت سے، ایک جماعت سے میری وابستگی ہونے کی حیثیت سے، یا کوئی اور اس سے سیاسی فوائد کیلئے بات کرے تو میرے خیال میں یہ بہت بڑی زیادتی ہے، ہم نے Fair ہو کر، سیاسی جماعتوں سے بالاتر ہو کر، قومیتوں سے بالاتر ہو کر اس پہ بات کرنی بھی ہے اور یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ پورے ملک میں Countrywide اس پہ Deliberations ہو رہی ہیں اور اس میں کوئی برائی نہیں لیکن ساتھ ساتھ اس بات کو بھی ہم نے مد نظر رکھنا ہے کہ دنیا کی وہ سپر پاور جس کا عالمی ایجنڈا ہے، افغانستان میں آکر بیٹھا ہے اس سرزمین پر، اس بات سے ہم انکار نہیں کر سکتے ہیں کہ افغانستان کے معاملات

کے ساتھ ہمارے ٹرائبل ایریاز کا تعلق ہے، ٹرائبل ایریاز کے معاملات کے ساتھ ہمارے خیبر پختونخوا کا تعلق ہے اور خیبر پختونخوا کے معالات کے ساتھ پورے ملک کا تعلق ہے، جب ایک جگہ پہ امن ہو گا تو اس پورے ریجن میں امن ہو گا، جب ایک جگہ پہ امن نہیں ہو گا تو ہمارے پورے ملک میں امن نہیں ہو گا، اس بات سے کوئی بھی میرے خیال میں اس اسمبلی میں انکار نہیں کر سکتا ہے۔ جناب سپیکر، میں ایک بات، گزشتہ اسمبلی میں میرے خیال میں اس صوبائی اسمبلی کی تاریخ میں پہلی بار ہمارے پریذیڈنٹ صاحب اسی اسمبلی میں آئے تھے، یہاں اپنے Presidential address میں زرداری صاحب نے ایک بات کی ہے اسی کارنر میں کھڑے ہو کر، آج کل ہمارے بڑے جب بھی بات کرتے ہیں تو اس بات کو ہمیشہ میں نے ذہن میں بٹھایا ہے، کیا بات کی جناب سپیکر؟ کہ ہم نے چالیس سال تک تیار رہنا ہے۔ جب پاکستان تحریک انصاف، مسلم لیگ نون، جمعیت وغیرہ وغیرہ، جماعت اسلامی یہ سمجھ رہے ہیں کہ یہ ہمارے قومی ایشوز ہیں، یہ معاملات ہیں، یہ مشکلات ہیں تو پھر اس پہ سیاست کیوں کی جاتی ہے؟ جناب سپیکر، یہ ایک بہت بڑا سوال ہے۔ ہم نے قربانی دی، عوام نے قربانی دی، مانتے ہیں کہ Law Enforcement Agencies نے قربانی دی، مانتے ہیں ہمارے اسمبلی کے ممبران، بہت سے ہمارے دوست، گزشتہ اسمبلی کے بھی اور اس اسمبلی کے، انہوں نے قربانی دی ایک Cause کیلئے، ایک مقصد کیلئے قربانی ہے یہ، مجھے افسوس ہے کہ اس پہ بہت بحث ہو چکی، بہت سے لوگوں نے رائے دی، بہت سے ہمارے ملکی لیڈروں نے، ہمارے قائدین نے اس بات کو پتے کی طرح سیاسی مقاصد کیلئے اور لوگوں کی ہمدریاں حاصل کرنے کیلئے استعمال کیا، تو کم از کم کسی کو احساس ہوتا ہے نہیں ہوتا ہے، میں کوہستان کے ان پہاڑوں کا رہنے والا ہوں، میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ اس صوبے کے ساتھ اور یہ اس ملک کے ساتھ زیادتی ہے۔ جو سیچویشن ہے، جو حالات ہیں، مشکلات ہیں، ہم سب نے اس کا ادارک بھی کرنا ہے اور اس کیلئے تیار بھی ہونا ہے اور اسے قبول بھی کرنا ہے۔ جناب سپیکر، لوگ طالبان کی بات کرتے ہیں، تبلیغی مرکز پشاور میں جو حملہ ہوا، کیا تبلیغی مرکز میں، تبلیغی تحریک میں، جو عالمی تحریک ہے، جو اسلام کے مبلغین ہیں، جو اسلام کے سفیر ہیں، یہ کسی سیاسی عمل کا اثر ہے، کسی عمل کا؟ نہیں، یہ اللہ کے پیغام کو دنیا میں پھیلانے والے، ان پر حملہ کیا طالبان نے کیا؟ کیا کسی اور پاکستانی نے کیا؟ نہیں، میں نہیں مانتا اس بات کو، اس بات سے ظاہر ہے کہ ہمارے ملک کے خلاف عالمی سازشیں،

ہمارے ملک کے خلاف جو اے این پی دور میں ہمیں جو 'ان کیمرہ' بریفنگ دی گئی تھی، اس میں ہمیں بتایا گیا تھا کہ 44 قونصل خانے افغانستان میں صرف اس ملک کے خلاف ان مقاصد کیلئے بنائے گئے ہیں جس میں 'را' بھی ہے، 'موساد' بھی ہے، 'سی آئی اے' بھی ہے، ان کے مراکز ہیں اور وہاں سے Executers، ان کو Train کرتے ہیں اور یہاں پہ مختلف ناموں سے وہ ہمارے ملک میں، تو اس وقت تو ہم نے یہ سبق لیا تھا، ہم نے پڑھا تھا، ہم نے سنا تھا، ہم نے سمجھا تھا، جب اس بات کو بار بار اسمبلی کے اس مقدس ایوان میں، یا تو سیریس بات کرنی ہے، بہت سے لوگوں سے سنتے ہیں ہم، بہت سے لوگ ہمارے ساتھی فیڈرل گورنمنٹ پہ تنقید کرتے ہیں، ہم مانتے ہیں، ہم سینے پہ لیتے ہیں لیکن یہ بات نہیں ہو سکتی کہ پالیسی Formulate کرنا جس طرح مرکزی گورنمنٹ کے فرائض ہیں، اس کی Responsibility ہے، ان کو Implement کرنا بھی ان کی ذمہ داری ہے، اسی طرح جو بھی پالیسی ہو گی اور اس پالیسی کو صوبائی گورنمنٹ نے بھی، عوام نے بھی اور مختلف سیاسی جماعتوں نے بھی اس کو Own کرنا، یہ ہماری بھی ذمہ داری ہے، یہ بات نہیں ہو سکتی کہ ایک صوبے کے لوگ کہیں کہ پولیس Depoliticized کر دی ہم نے، نہیں نہیں، ان مقاصد کیلئے پولیس بالکل الگ کر لیں، ہمارا کوئی مقصد نہیں ہے لیکن آج جب امن و امان کی بات ہو اور ذمہ داری کی بات ہو تو حکومت کی طرف سے بات آئے کہ پولیس کو ہم نے چھوڑا اپنی مرضی پر، نہیں نہیں، پولیس ایک فورس ہے اس صوبے کی، گورنمنٹ کے Under ہے، ان مقاصد کیلئے ان کو چلانا ہے، اس طرح سے جان خلاصی نہ فیڈرل گورنمنٹ اور نہ صوبائی گورنمنٹ (کر سکتی ہے)، میں کلیئر بات کرتا ہوں، نہ ہمارے منسٹرز صاحبان، نہ ہم اور میں خود، ہم اس سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتے اور یہ بات میں کلیئر اور واضح کر لوں کہ بہت سی باتیں ہو رہی تھیں ہماری حکومت کی طرف سے کہ فیڈرل گورنمنٹ کوئی پالیسی نہیں دے رہی ہے، آج نیشنل سیکورٹی پالیسی آئی ہے، بڑی واضح پالیسی ہے اور اس میں تین Components ہیں جو آپ نے بھی سنا ہو گا_ خفیہ، سٹریٹیجک، آپریشنل_ تینوں باتیں ہیں، مذاکرات کی بات بھی ہے، ایکشن کی بات بھی ہے، تو یا تو ہم نے اس پالیسی کو، ہم سب نے، صوبائی حکومت ہو، فیڈرل گورنمنٹ ہو، اس اسمبلی کا ہاؤس ہو، اس کو Own کرنا ہے اور اس پہ ہم نے ایک Page پہ آکر آگے آنا ہے، اس میں سیاست کی بات کی گئی تو میں جناب سپیکر، زرداری صاحب کی اس بات کی طرف اشارہ

کرتا ہوں کہ چالیس سال تک ہم نے اس کیلئے تیار ہونا ہے جس طرح باقی ممالک میں ہوا تھا، لہذا میں آج ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ اس نازک مسئلے کو خدارا Politicized بھی نہ کریں، جماعتیں بھی نہ بنائیں سر، مرکز اور صوبائی حکومت کی بات بھی نہ بنائیں، اس کو پاکستان کا مسئلہ بھی قرار دیں، اس کو پاکستان کا مسئلہ سمجھیں اور اس کے حل کی طرف آگے بڑھیں، میں بھی بڑھوں اور سارے ہم بڑھیں اس میں نیک ارادے کے ساتھ، جذبے کے ساتھ، ہم نے چالیس سال تک اس Insurgency کے خلاف برداشت بھی کرنا ہے، لڑنا بھی ہے اور اس کیلئے حکمت عملی بھی بنانی ہے۔ وآخِرُالدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

جناب قائمقام سپیکر: محترمہ انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ بہت اہم موضوع ہے اور میں آپ کی شکر گزار ہوں کہ آپ نے اس میں بہتر فیصلہ کرتے ہوئے امن عامہ کے حوالے سے آج کی جو بحث ہے، اس کے انعقاد کی اجازت دی، ہاؤس کی خاص طور پر شکر گزار ہوں، نگہت اورکزئی صاحبہ کی کہ انہوں نے یہ موشن موو کی اور وہ اس کیلئے صبح سے Lobbying کر رہی تھی۔ جناب سپیکر، ویسے تو تمام Sittings میں کہیں نہ کہیں امن عامہ کے حوالے سے، لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے ہمارے ممبران صاحبان نکات اٹھاتے رہتے ہیں اور یہ بھی اب ایک وطیرہ ہو گیا ہے، باقاعدہ ریگولر پریکٹس ہو گئی ہے کہ ہم اس ایوان میں بدقسمتی سے ان واقعات کی وجوہات پر Regularly فاتحہ خوانی بھی کر رہے ہیں۔ کوئی دن ایسا نہیں ہے کہ جب ہم کسی کی، کسی واقعہ کی مذمت نہ کر رہے ہوں اور اب تو مذمت کرتے کرتے بھی خود ہمارے جو اپنے معاملات ہیں، وہ بھی قابل مذمت ہو گئے ہیں۔ حکومت سخت دل نظر آ رہی ہے، صرف پروپیگنڈا مشینری کی Basis پر اسی بات پہ قائم ہے کہ سب اچھا ہے اور اگر کچھ اچھا نہیں ہے تو وہ وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وفاق اور صوبے میں جو تناؤ کی کیفیت ہے، جو Confrontation ہے، وہ خود اس مصیبت زدہ صوبے کیلئے پریشانی کا باعث ہے اور لاء اینڈ آرڈر کی جو ابتری ہے، اس کی ایک بڑی وجہ بن رہی ہے۔ بہت افسوس ہے آج کے واقعے کا، گزشتہ دن کا، اس سے پہلے کا، مدارس پہ حملے ہو رہے ہیں، عبادت گاہوں پہ حملے ہو رہے ہیں، ہماری افواج پہ حملے ہو رہے ہیں، سیاسی زعماء پہ حملے ہو رہے ہیں، ہمارے

اہم تاجر، ڈاکٹرز، لائرز، پروفیسرز اغوا ہو رہے ہیں اور آج تک ان میں سے کچھ کا بالکل پتہ ہی نہیں اور حکومت اس سلسلے میں کسی معاملے پہ کچھ بہت باخبر نظر نہیں آ رہی، نہ ہی یہ شیئر کر رہی ہے کہ ان مسائل کیلئے کیا کیا جا رہا ہے؟ ہمارے معزز وزیر اعلیٰ صاحب کہتے ہیں کہ صوبے میں لاشیں گر رہی ہیں اور مرکز تماشا دیکھ رہا ہے۔ مرکزی حکومت کہتی ہے کہ لاء اینڈ آرڈر صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور صوبائی حکومت اس کو مکمل طور پر، اس پر اس کی گرفت اتنی آسان نہیں، نہ ہی انہوں نے مضبوطی سے اس عمل کو یقینی بنایا ہے۔ جناب سپیکر، یہ بالکل بجا بات ہے کہ امن وامان مرکز کی نہیں صوبے کی ذمہ داری ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ جو تحقیقات ہوئیں، چاہے وہ ڈیرہ جیل کی ہیں، چاہے وہ کسی اور ہمارے سیاسی اکابرین پر حملوں کی ہیں، ان کی تحقیقات کیلئے کمیٹیاں بھی بنتی ہیں لیکن وہ تحقیقات سامنے نہیں آتیں اور کبھی شیئر نہیں کی گئیں۔ اب سوچنے کی بات ہے کہ کیا جو تحقیقات گزشتہ دنوں تبلیغی مرکز پر یا اس سے پہلے اے این پی کے لیڈر میاں مشتاق پر یا جو ہمارے امان گڑھ میں ملنے والی نامعلوم لاشوں کے حوالے سے، تو یہ کیا مرکز آ کے کریگا جناب سپیکر؟ یہ صوبائی حکومت کے کام ہیں کہ چوری، ڈکیتی، بھتہ خوری، سٹریٹ کرائمز، ان کیلئے ٹھیک ہے ہم مانتے ہیں، میں نے اس دن بھی تعریف کی، آئی جی پی صاحب بہت Credibility والی شخصیت ہیں، بہت ہی صاف کردار ہے ان کا، ان کا اپنا ایک اچھا ریکارڈ ہے لیکن ابھی نئے آئے ہیں، اس سے پہلے کبھی خیبر پختونخوا میں، اس ایریا میں کبھی Serve نہیں کیا، ان کو حالات جانچنے کیلئے وقت بھی درکار تھا اور یہ شکایت بھی تھی کہ افسران جو ہیں، وہ Up to the mark نہیں ہیں، کم ہے تعداد، ہماری رپورٹ کے مطابق کوئی 35، 36 ہزار پولیس کی نفری کم ہے، افسران نہیں آ رہے، مرکز کے اوپر پھر کہا جاتا ہے کہ وفاق صحیح افسران کو ادھر بھجوا نہیں رہا، میرا یہ ہے کہ پولیس ٹریننگ سکول میں آپ ٹریننگ دے رہے ہیں، صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور پچھلی حکومتوں پہ ہم یہ وقتاً فوقتاً تنقید کرتے رہے ہیں کہ انہوں نے اس صورتحال کو، دہشت گردی کی یہ جو ایک انتہائی ڈراؤنی صورتحال ہے، اس سے نبرد آزما ہونے کیلئے انہوں نے پولیس کو اور دوسرے ہمارے جو ادارے ہیں Law Enforcement Agencies ہیں، ان کو انہوں نے مکمل طور پہ لیس نہیں کیا، Properly equipped نہیں کیا، انٹیلی جنس نیٹ ورک کو انہوں نے اتنا Sophisticated نہیں کیا۔ آج بھی آپ کی پولیس کے پاس بہتر، اگر دیکھا جائے تو بلٹ پروف

جیکٹس کی کمی ہے، بہت بڑا ہم نے کارنامہ کیا کہ ہم نے 40 کتے اور منگوالئے لیکن ہمارے پاس Metal detectors نہیں ہیں، ہمارے پاس Night vision equipments نہیں ہیں، ہم آج تک ایک اچھا وائرلس سسٹم یہاں پہ اپنی پولیس کو اگر دیا بھی ہے تو صرف لوکل بنیادوں پہ، آپ کے پاس ایک پورے صوبے کے حوالے سے Networking نہیں ہے، پھر ہمارا (صوبہ) بہت Contiguous، جڑا ہوا ہے فاٹا ایریا سے جو کہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان ایک Buffer zone ہمیشہ سے رہا ہے۔ اس کے اندر آپ کی جو Cross border infiltration ہے، آمد ورفت ہے، اس کیلئے صحیح نظام نہیں ہے۔ میں اس ذاتی تنقید کے حق میں نہیں ہوں اور نہ ہی مجھے یہ اچھا لگتا ہے لیکن پروٹوکول کے خلاف باتیں کرنے والی آج کی ہماری حکومت، اگر آپ دیکھیں تو ان کے پروٹوکول اب نظر آتے ہیں لیکن ہمارے جہاں پہ ممکنہ ٹارگٹ ایریاز ہیں، وہاں پہ آپ کو پولیس کی نفری بہت کم تعداد میں نظر آئے گی۔ اس مشکل صورتحال میں وزراء بیرون ملک دوروں کو ترجیح دے رہے ہیں جبکہ وزیر اعظم نے بھی اپنا ایک دورہ کینسل کر دیا ہے۔ مقصد کہنے کا ہے کہ Serious mindedly اور پھر میرے بھائی بہت اکثر کہتے ہیں کہ جی آج فلاں نہیں ہے اور یہ مسئلہ آج نہیں ہے، کیبنٹ آپ کی Collectively responsible ہے، جوابدہ ہے اس اسمبلی کو، سارے مل بیٹھ کے ایک Strategy دیں، اپوزیشن کو Onboard لیں، ہم آپ کی سپورٹ کیلئے حاضر ہیں۔ اپوزیشن کا ہر ممبر ایک حلقے کی نمائندگی کر رہا ہے اور وہ حلقے اس خیبر پختونخوا میں، ہر علاقے اور ہر ڈویژن میں موجود ہیں، آپ ان کو Onboard لیں نہ کہ ہم صرف اور صرف ایک دوسرے کو تنقید کا نشانہ بنا کے ہم یہ سمجھ رہے ہیں شاید کہ ہم اپنا Role ادا کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر، میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ بہت ضروری ہے۔ اگر اس وقت موجودہ حکومت سمجھتی ہے کہ مذاکرات ہی واحد حل ہے اور جس کے متعلق کسی کو بھی انکار نہیں تو پھر وہ مذاکرات کیلئے Proactive role ادا کرے۔ بہت سے معاملات ایسے ہیں جہاں پہ حکومت یہ کہتی ہے کہ مرکز کی Responsibility ہے، ہم اس میں کچھ نہیں کر سکتے لیکن ہم نے دیکھا کہ بنیادی طور پر مرکز کی جو ذمہ داری ہے، آپ کا انٹرنیشنل ٹریڈ، International treaties جس کے مطابق نیٹو سپلائی کیلئے سلالہ کے واقعے کے بعد ایک ایگریمنٹ ہوا تھا اور آپ نے صوبے میں اپنے طور پر آگے بڑھ کر اور اس چیز کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اور اس پر جا کے اپنا ایکشن لیا اور آج تک بھی کوئی 50، 60

دن ہو گئے ہیں، وہ سلسلہ جاری ہے جس کا ایک Negative effect، Negative effect کہ یہاں پہ Already مشکلوں میں گرے ہوئے صوبے میں جو اکانومی ہے اس کو اور نیچے لے کے گئے، مہنگائی ہے اس کو اور اوپر لے کے گئے لیکن انہوں نے مرکز کا جو اختیار ہے، وہ اپنے ہاتھ میں لیا ہے۔ آپ کو کون روک رہا ہے؟ آپ آگے جائیں اے پی سی میں، جو گزشتہ اے پی سی ہوئی تھی، آپ نے اس وقت کوئی بات نہیں کی تھی وہاں پہ نیٹو سپلائی کے حوالے سے لیکن آپ نے پھر اپنے ہاتھ میں لیا، تو آج آپ کو مذاکرات سے کون روک رہا ہے؟ آپ جائیں اور آپ مذاکرات شروع کریں۔ اگر مرکز اس میں کوئی لیت و لعل کر رہا ہے، جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے فلور آف دی ہاؤس پہ اس دن کہا کہ بڑے مشکل حالات ہیں، بڑی بیچار گی ہے، وزیر اعظم نے چار مہینے سے ٹائم نہیں دیا اور وزیر اعظم صاحب آپ کے صوبے میں تشریف لاتے ہیں تو وزیر اعلیٰ صاحب کو یہ گوارہ نہیں کہ وہ جائیں، سارا دن وہ جا کے وزیر اعظم کے ساتھ اس مسئلے کے اوپر اس میں دو چار گھنٹے کی بات ہے کم از کم، روایات بھی ہیں پختونوں کی کہ ہم اپنے مہمانوں کی عزت کرتے ہیں اور وہ تو ملک کا وزیر اعظم یہاں پہ آرہا ہے، اس کا مطلب ہے آپ کے پاس بھی ٹائم نہیں ہے ان کیلئے، اس کا مطلب ہے آپ بھی اپنے ایشوز کو Seriously اٹھا کے نہیں لے کے جا رہے۔ ابھی تک ہمیں کچھ کلیئر نہیں ہے، کوئی ڈیویلپمنٹ کے حوالے سے، سب چیزیں اس وقت تک یا اخباری بیانات میں ہیں یا پھر کہ وہ زبانی اسمبلی کے فلور پہ ہیں۔ یقیناً بہت کچھ ان کے پلان میں ہو گا لیکن آٹھ مہینے کے قریب ہو چکے ہیں جناب سپیکر، یہ چیزیں نظر آنی چاہیئے تھیں۔ آپ کا آج تک یہ مسئلہ حل نہیں ہو رہا کہ آپ نے ٹرانسپورٹ جو ہے، وہ ٹریفک سے لے کے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کو دی، لائسنسنگ کا اختیار بھی اپنے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کو، ٹریفک پولیس سے اٹھا کے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کو دیا اور وزیر اعلیٰ ہاؤس سے کئی کئی خطوط جا رہے ہیں کہ اس پر عمل کرو، اس پر عمل کرو، اس پر عمل کرواور ٹریفک پولیس کہتی ہے کہ ہم نہیں دیتے اختیار، جواب ہی نہیں دے رہی، Is it good governance؟ یہ سب Related ہے۔ یہی موٹر سائیکل جو بغیر پرمٹوں کے جس کا اس دن نگہت اور گزئی صاحبہ نے یہاں پر مختصراً پوائنٹ آف آرڈر پہ یہ بات اٹھائی بھی، لیکن Nobody is taking things seriously جناب سپیکر، یہاں پہ پھر آپ وہ والے تمام دعوے، وہ وعدے سب ایک خیال خام کے طور پر نظر آتے ہیں جن میں کہا گیا تھا کہ اب ہم تبدیلی دیکھیں

گے۔ لاء اینڈ آرڈر ایک Strong resolve کے بغیر حل نہیں ہو سکتا، اس کو ہمیں Out of the way جاکے ایک Proactive طریقے سے سارے ہاؤس کو Onboard لے کے Resolve کرنا ہوگا، یہ نہیں کہ اوپر سے آپ نعرے دعوے کریں گے اور اندر سے وہی صورتحال چلتی رہے گی۔ کہا جاتا ہے کہ ہم نے پولیس کو صاف کر دیا، اب پولیس میں کوئی فیصلے ہمارے عمل دخل سے نہیں ہوتے، افسوس ان کا یہ خیال ہے کہ شاید لوگ اس بات کو نہیں سن رہے یا شاید میڈیا نے اپنا بائیکاٹ ختم نہ کیا ہو تو یہ چیز نہیں لکھی جائے گی لیکن عوام ان کے منہ سے نکلی ہوئی ایک ایک بات کو نوٹ کر رہے ہیں جناب سپیکر، ایسا نہیں ہے، Ground realities totally different ہیں۔ میری تقریر لمبی ہو جائے گی، میں اسے مختصر کر دیتی ہوں، ہمارے باقی مقررین نے بھی اس پہ بات کرنی ہے لیکن میں آپ کو ایک چھوٹا سا واقعہ بتادونگی اپنے ضلع کے حساب سے کہ ہری پور میں ایک ڈی ایس پی ہے جس کے حوالے سے ایک ممبر کی ذاتی شکایت تھی اور اس کیلئے ہم سب نے جاکے اپنے طور پہ کوشش کی کہ اس ڈی ایس پی کو چونکہ اس کا ذاتی عناد تھا ایک ممبر کے ساتھ اور مشکل سیچویشن تھی تو ہم سب نے کہا لیکن وہ نہیں ہوا، واقعی ہمیں یہ لگا کہ جی اب پولیس کی تبدیلی نہیں ہوگی لیکن پھر ہم نے خود ہی اس بندے کو کہا کہ آپ پی ٹی آئی کے کسی ممبر سے کہیں اور پی ٹی آئی کے ایک ممبر صاحب کو کہا تو اسی دن اس کی تبدیلی ہوگئی، اس نے کہا مجھے یہ جگہ نہیں پسند، میں نے یہاں نہیں کرنا، دوسرے دن اس کی دوسری جگہ تبدیلی کر دی گئی، یہ تمام چیزیں دیکھ رہے ہیں لوگ۔ افسوس کی بات ہے کوئی بھی نہیں مانتا White collar crime is not easy to catch، آپ نہیں پکڑ سکتے لیکن زبان زد عام میں جاکے دیکھیں اور پوچھیں، آج بھی لوگوں کا خیال ہے کہ ہر بھرتی یا ہر تبدیلی کسی نہ کسی Against کے Gratification ہو رہی ہے، اس سے چینج نہیں آئے گی۔ بالکل میں مانتی ہوں کہ بالکل Clean record ہوگا ہمارے منسٹرز کا، وہ بالکل صاف ستھرے ہیں، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب بہت اچھا ریکارڈ رکھ رہے ہونگے، بہترین کر رہے ہونگے لیکن صرف مقصد ان کا Clean رہنا نہیں ہے، جس طرح انہوں نے کہا تھا کہ ہم ڈیویلپمنٹل ورک اسلئے نہیں شروع کر رہے ہیں کہ اس سے کرپشن بڑھ جائے گی۔ یہ مقصد نہیں ہوتا حکومت کا، حکومت کا مقصد ہوتا ہے کہ ایک گورننس اپنی ایک Writ قائم کرے، ایک طریقہ کار طے کرے اور پھر اس کے مطابق جائے۔ لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن اس کے

